

نظرثانی شدہ ۲۰۲۳ء

طلباء کی بڑھنے میں مدد کے لئے

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ

# مل کر کام کرنے کے لئے
# خصوصی تعلیم کے طریقہ کار

والدین، سرپرستوں اور طلباء کے لیے ایک گائیڈ

Halton
District
School
Board



# فہرست

والدین، سرپرستوں اور طلباء کے لیے ایک گائیڈ ............ 1
فہرست ............ 2
جائزہ ............ 3
مسائل کے حل کا راستہ (پاتھ وے) ............ 6
اسکول ریسورس ٹیم (ایس آر ٹی) ............ 9
انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) ............ 12
شناخت ، تقرری اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) ............ 18
مقامی انجمنیں ............ 24
اضافی معلومات ............ 28
والدین کی ذمہ داریوں اور حقوق کا خلاصہ ............ 30
ضمیمہ الف - استثنائیات اور تعریفوں کے زمرے ............ 32
ضمیمہ ب - ہالٹن میں خصوصی تعلیم کی جگہیں ............ 36
ضمیمہ ج - خصوصی تعلیمی مشاورتی کمیٹی (ایس ای اے سی) ............ 38

## جائزہ

### مقصد

یہ رہنماہدایت نامہ والدین اور طلباء کے لیے تیار کیا گیا ہے تا کہ ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ (ایچ ڈی ایس بی) کی طرف سے طلباء کی خصوصی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش میں مروجہ عمل، کی وضاحت کی جا سکے۔

والدین کے لئے بنائی گئی اس گائیڈ کا ایک اور مقصد آپ کو شناخت، تعیناتی اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) کے طریق کار کے بارہ میں معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ آپ کے لیے ایک طالب علم کو "غیر معمولی" کے طور پر شناخت کرنے، طالب علم کی تعیناتی کے فیصلہ اور اپیل کے عمل، میں شامل تمام طریقہ ہائے کار کی وضاحت کرتی ہے۔

### فلاسفی

ہمارے بچوں کی تعلیم، والدین، اسکول کے عملہ اور خود طلباء کی، مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اسکول کے عملہ یا آپ کی طرف سے شروع کردہ باقاعدہ، مسلسل باہم پیغام رسانی، ٹیم کے نقطہ نظر کا ایک قابل قدر حصہ ہے۔ سماجی، جذباتی، جسمانی اور/یا تعلیمی ترقی سے متعلق خدشات کو جلد از جلد مطلع کیا جانا چاہیے۔

والدین، استاد، پرنسپل، یا دیگر متعلقہ وسائل کے اہلکار، کسی طالب علم کی ضروریات کو پہچان سکتے ہیں۔ بطور والدین، آپ اپنے بچے کی طاقتوں اور ضروریات سے واقف ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ آپ اپنے بچے کے استاد سے، ان پر بات کرتے ہوں گے۔

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ طلباء، خاندانوں اور عملہ کی خدمت کے لیے پر عزم ہے۔ ہم اپنے کاموں، ڈھانچے، پالیسیوں، طریقہ کار، رہنما خطوط اور طرز عمل کے تمام پہلوؤں میں مساوات اور جامع تعلیم کے اصولوں کو **اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ** کے عین مطابق شامل کرتے ہیں۔

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کا یقین ہے کہ تمام طلباء سیکھ سکتے ہیں، اور ہم ہر طالب علم کو موثر طریقے سے سیکھنے کے قابل بنانے، کامیابیوں کے فرق کو کم کرنے اور نسل، طبقے، جنس، نسل، معذوری، جنسی رجحان اور پسماندگی کی دیگر تاریخی شکلوں سے قطع نظر، سبھی کے لیے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کی **ایکویٹی اور جامع تعلیمی پالیسی** طلباء، ان کے خاندانوں، ملازمین اور عوام کے لیے ایک محفوظ، جامع سیکھنے اور کام کرنے کا ماحول بنانے اور برقرار رکھنے کے ہمارے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ ہماری پالیسی، رہنما اصولوں اور طریقہ کار سمیت متعدد شعبوں میں، بورڈ کی کارروائیوں سے متعلق فیصلوں سے آگاہ کرتی ہے جیسے قیادت؛ اسکول اور کمیونٹی تعلقات؛ مذہبی اکاموڈیشنز (گنجائشیں)؛ نصاب اور تشخیص کے طریقے؛ اور امتیازی سلوک اور ہراسگی سے پاک اسکول کا ماحول بنانے کے لیے اقدامات۔

**اضافی معلومات کے لیے رابطہ کریں**

خصوصی تعلیمی خدمات 905-631-6120 ext. 4321

نیو سٹریٹ ایجوکیشن سینٹر 3250 نیو سٹریٹ، برلنگٹن، اونٹاریو، L7N 1M8

# ہالٹن اسکول میں داخل ہونا


## جب کوئی طالب علم ہالٹن اسکول میں داخلہ لے رہا ہو، اور اسے ممکنہ طور پر خصوصی تعلیمی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہو تو ایسی صورت میں، والدین کو کیا کرنا چاہیے؟

طلباء کے لئے مؤثر مثبت مداخلت اس وقت سے شروع ہوتی ہے جب کوئی طالب علم، ہمارے کسی اسکول میں پہلی بار داخلہ لیتا ہے۔ جب آپ اپنے بچے کو رجسٹر کرتے ہیں، چاہے وہ کنڈرگارٹن میں داخل ہوں یا کسی دوسرے اسکول سے منتقل ہوں، اسکول کو اپنے بچہ کی طاقتوں اور ضروریات اور موجودہ خدمات/پروگراموں کے بارہ میں زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنے سے، ہمیں (ان کے لئے) جلد سے جلد مدد فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

عام طور پر، ہالٹن میں آنے والے نئے طلباء اس عمل میں اپنے پہلے قدم کے طور پر رجسٹر ہوتے ہیں اور اپنے ہوم اسکول میں جاتے ہیں۔

***طلباء پر مرکوز حل مسائل**

**اور آئی پی آر سی کو حوالہ (ریفرل) دینے کا عمل**



*براہ کرم مسئلہ کے حل کے راستے (پرابلم سالونگ پاتھ وے) کی تفصیل کے لیے اگلا حصہ دیکھیں

## اصطلاح "غیر معمولی طالب علم" سے کیا مراد ہے؟

ایک "غیر معمولی طالب علم" وہ ہوتا ہے جس کی بات چیت، رویے، فکری یا جسمانی ضروریات ایسی ہوں کہ ان کے لئے شناخت، تقرری اور نظرثانی کمیٹی (آئی پی آر سی) کے ذریعہ، ایک خصوصی تعلیمی پروگرام کی ضرورت پر غور کیا جائے۔

ضمیمہ A: استثنائیات کے زمرے

## خصوصی تعلیمی پروگرام کیا ہے؟

خصوصی تعلیمی پروگرام، خاص طور پر آپ کے بچہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ ان چیزوں، جیسے مضمون کے مواد، تدریس اور سیکھنے کی حکمت عملیوں، شرح اور ہدایات کی رفتار، تشخیصی حکمت عملی، سیکھنے کے مواد اور خصوصی آلات کے استعمال وغیرہ میں تبدیلی کی عکاسی کر سکتا ہے۔ خصوصی تعلیمی پروگرام، کو ایجوکیشن ایکٹ میں، ایک ایسے تعلیمی پروگرام کے طور پر بیان کیا گیا ہے جو:

- مسلسل تشخیص، اور تشخیص کے نتائج پر مبنی اور اس کے مطابق ترمیم کیا جاتا ہے۔ اور
- اس میں ایک منصوبہ شامل ہوتا ہے جسے انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کہا جاتا ہے جس میں مخصوص مقاصد، اور ان خصوصی تعلیمی خدمات کا خاکہ شامل ہوتا ہے جو غیر معمولی طالب علم کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

خصوصی تعلیمی پروگرام، بچے کے ہوم اسکول کے علاوہ دیگر جگہوں میں، خصوصی اہلکاروں کے ذریعہ بھی فراہم کیا جا سکتا ہے۔ ایچ ڈی ایس بی، ہالٹن کے طالب علموں کو مختلف قسم کے خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات پیش کرتا ہے (ایچ ڈی ایس بی میں خصوصی تعلیم کے پروگراموں اور تقرریوں کے لیے، ضمیمہ ب دیکھیں)۔ پیشہ ورانہ خدمات کی مشاورتی ٹیم، طرز عمل کے تجزیہ کاروں، بچوں اور نوجوانوں کے مشیروں، نفسیاتی۔ تعلیمی کنسلٹنٹس، سماجی کارکنان، خصوصی طرز عمل کے معاون کارکنان، کمیونی کیٹو ڈِس آرڈر کے علاوہ بھی، بہت سے پروگرام برائے سپورٹ دستیاب ہیں (جیسے کمیونی کیشن پروگرام) اور متعدد سفری اساتذہ۔ معاونین اور اسپیچ اینڈ لینگویج پیتھالوجسٹ۔

# مسائل کے حل کا راستہ (پاتھ وے)

مسائل کے حل کرنے راستہ (پرابلم سالونگ پاتھ وے)، طالب علم کی سیکھنے کی ضروریات کی، ابتدائی شناخت اور مثبت مداخلت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اگرچہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ اس عمل کو ترتیب وار مراحل کے ذریعہ عمل میں لایا جائے، لیکن والدین/سرپرست کسی بھی مرحلے پر ریفرل شروع کر سکتے ہیں۔

اس راستہ کے ذریعہ، طاقتوں اور ضروریات کی پیشکش، طالب علم کے لیے اسوقت موجود صورتحال، کا ایک وقتی خاکہ ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ مثبت مداخلتوں کی پیشرفت اور ان کے اثرات کی نگرانی کرنا، طالب علم کی موجودہ اور ابھرتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے۔

| سٹیپ (اقدام) | مسائل کے حل کا راستہ |
|---|---|
| سٹیپ 1:<br><br>والدین/سرپرست اور معلمین بطور شراکت دار | والدین اور اساتذہ، طالب علم اور ان کی سیکھنے کی منفرد قوتوں اور ضروریات کو سمجھنے، اور ان کی مدد کرنے کے عمل میں شراکت دار ہیں۔ گھر اور اسکول کے درمیان مسلسل اور کھلا مکالمہ طالب علم/بچہ کو ایک مکمل فرد کے طور پر سمجھنے کے لیے ضروری ہے۔<br><br>کلاس روم کے معلم (معلمین) طالب علم کی مدد کے لیے کلاس میں مختلف حکمت عملیوں کا استعمال کر سکتے ہیں، اور طالب علم کے سیکھنے کے پروفائل کے بارہ میں مسلسل جاری ثبوت جمع کریں گے۔<br><br>والدین اور/یا معلم، اگر وہ دیکھیں کہ طالب علم کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، تو دونوں میں سے کوئی بھی مسائل کے حل کرنے کا عمل (پرابلم سالوِنگ پراسیس) شروع کر سکتے ہیں۔ |
| سٹیپ 2:<br><br>سکول کی ٹیم | اسکول کی ٹیم اسکول سے متعلق عملہ پر مشتمل ہے بشمول (جو بھی قابل اطلاق ہو):<br>• کلاس روم معلمین<br>• سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر (ایس ای آر ٹی)<br>• انگریزی بطور دوسری زبان، کے استاد<br>• طالب علم کی کامیابی کے لئے اساتذہ<br>• سکول انتظامیہ<br><br>معلم، طالب علم کی طاقتوں اور تشویش کے شعبوں کا جائزہ پیش کرے گا، اور ایسا کرنے کے لئے مشاہدات اور تشخیصی معلومات، دونوں کا حوالہ دے گا۔<br><br>اسکول کی ٹیم، ضرورت کے مطابق اسکول کے عملہ کے ساتھ مشاورت سے پروگرام کا عملی منصوبہ، اور مدد اور تدارک کے لیے حکمت عملی تیار کرے گی۔ اسکول کا عملہ سفارشات کو نافذ کرے گا اور اثرات کی نگرانی کرے گا۔<br><br>اسکول کے وسائل کی ٹیم کو ریفرل کی سفارش کی جاسکتی ہے اگر:<br>• پروگرام ایکشن پلان (عملی منصوبہ) میں مداخلت کی حکمت عملی، وقت کے ساتھ ساتھ بہتری کا باعث نہیں بنتی ہے۔ اور/یا<br>• اضافی معلومات، نیز اسکول سے متعلق ٹیم کے علاوہ بھی دیگر اہلکاروں کی مدد کی، ضرورت ہے۔ |

## سٹیپ 3:

## سکول کی ریسورس (وسائل) ٹیم

اسکول کے وسائل (ریسورس) کی ٹیم (ایس آر ٹی) کو ریفرل کا آغاز والدین/سرپرست اور/یا سکول کے عملہ کی طرف سے ہو سکتا ہے۔

اسکول ریسورس ٹیم (ایس آر ٹی) اسکول سے متعلقہ، نیز بورڈ کے عملہ پر مشتمل ہے بشمول (جو بھی قابل اطلاق ہو):

- والدین/سرپرست
- کلاس روم کے اساتذہ
- سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر (ایس ای آر ٹی)
- انگریزی بطور دوسری زبان (ای ایس ایل) کے اساتذہ
- طالب علم کی کامیابی کے استاد
- سکول انتظامیہ
- نفسیاتی تعلیمی ماہرین
- اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ
- رویہ کے تجزیہ کار
- اسکول کے سماجی کارکن (ثانوی)
- چائلڈ اینڈ یوتھ کونسلر (بچوں اور نوجوانوں کے مشیر) (پرائمری)
- تدریسی پروگرام کے رہنما (آئی پی ایل)

ایس آر ٹی، مزید کارروائیوں کی نشاندہی کرتی ہے، جیسے اضافی مثبت مداخلت، وسائل اور/یا تشخیص۔ جس کے بعد اسکول اور/یا بورڈ کا عملہ، تجویز کردہ اقدامات کو نافذ کرے گا۔ ایک طالب علم مزید مسائل کو حل کرنے یا ایس آر ٹی کارروائیوں کے نتائج کے اشتراک کے لیے ایس آر ٹی پر واپس آ سکتا ہے۔

ممکنہ اضافی معاونت:

- انسٹرکشنل پروگرام لیڈر (آئی پی ایل) یا انسٹرکشنل ریسورس ٹیچر (آئی آر ٹی) منجانب:
  - خصوصی تعلیمی خدمات
  - اسکول کے پروگرام
  - ایکویٹی ٹیم
  - انڈی جینس ٹیم
- پیشہ ورانہ خدمات کے مینیجر
- رویہ کے تجزیہ کار
- انفرادی تعلیمی منصوبہ
- رویہ میں مداخلت کا منصوبہ/حفاظتی منصوبہ
- پیشہ ورانہ خدمات سے متعلق مشاورت
- خصوصی پروگرام یا تقرری
- رویہ کے انتظام کے نظام (بی ایم ایس) کے مدرس
- سماجی کارکن/بچوں اور نوجوانوں کے کونسلر
- ای ایس ایل ٹیچر
- لرننگ ریسورس ٹیچر (ایل آر ٹی)
- طالب علم کی کامیابی کا شعبہ
- نفسیاتی، یا تقریری و زباندانی کی تشخیص
- کمیونٹی سروسز

| | |
|---|---|
| | اگرایک طالب علم،شناخت اور تعیناتی کے معیار پر پورا اترتا ہو تو،ایس آر ٹی،شناخت، تقرری اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) کو سفارش کر سکتی ہے۔<br><br>اگر خود مکفی (سیلف کنٹینڈ) جماعت میں شمولیت کے بارہ میں بات کرنے کا امکان ہو، تو اسکول، ایس ای ایس آئی پی ایل کو ایس آر ٹی میں مدعو کرے گا۔ اگر مناسب ہو تو، خود مکفی کلاس کے بارہ میں معلومات کی مجموعی سلائیڈز، والدین کو بھیجی جا سکتی ہیں تا کہ ممکنہ اختیارات (چوائس) کے بارہ میں سمجھنے میں انہیں مدد ملے۔ مثال کے طور پر، ایک والدین/سرپرست جو خود مکفی گفٹڈ گروہ میں (بچہ کی) شناخت کرنے اور جگہ کا تعین کرنے پر غور کر رہے ہیں، کو ایس آر ٹی کی سفارش کو حتمی شکل دینے سے پہلے، ریسورس سپورٹ اور خود مکفی اختیارات (ممکنہ چوائس) پر ایک پریزنٹیشن دیکھنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔<br><br>اگر والدین/سرپرست کی طرف سے، آئی پی آر سی کے جائزہ کی تجویز کو رد کر دیا جائے، تو ایس آر ٹی، طالب علم کی شناخت اور تعیناتی کے سالانہ جائزے بھی مکمل کر سکتا ہے۔ |
| **سٹیپ 4:**<br><br>**شناخت، تعیناتی، اور جائزہ کمیٹی** | والدین/سرپرست کی طرف سے مسائل کے حل کرنے کے عمل کے دوران کسی بھی وقت شناخت، تعیناتی اور جائزہ کمیٹی آئی پی آر سی کو حوالہ (ریفرل) دیا جا سکتا ہے۔<br><br>پرنسپل بھی، ایس آر ٹی کی سفارش کے بعد، آئی پی آر سی کو ریفرل کر سکتا ہے۔<br><br>آئی پی آر سی شناخت اور تعیناتی کے حوالے سے فیصلے کرتا ہے۔ آئی پی آر سی مقام، پروگرامنگ یا سپورٹ کے لیے سفارشات پیش نہیں کرتا۔ |

# اسکول ریسورس ٹیم (ایس آر ٹی)

اس حصہ کا مقصد، آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دینا ہے کہ اسکول ریسورس ٹیم (ایس آر ٹی) کے ساتھ کیسے کام کرنا ہے۔ آپ کے بچہ کی تعلیم کے بارہ میں، باہمی تعاون کے ساتھ فیصلے کرنے میں ،آپ کی شمولیت اور رائے قابل قدر ہیں۔

### اسکول ریسورس ٹیم کیا ہے؟

اسکول ریسورس ٹیم (ایس آر ٹی) اسکول سے متعلقہ ایک ایسی ٹیم ہے جو طلباء کے لیے حکمت عملیوں اور معاونت پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے، باقاعدگی سے ،آپس میں ملاقات کرتی ہے۔

### ایک طالب علم کا حوالہ (ریفرل) ایس آر ٹی کو کب بھیجا جاتا ہے؟

اگر کسی طالب علم کو اضافی مدد کی ضرورت ہو یا اسے اسکول میں مشکل پیش آ رہی ہو، تو کلاس روم ٹیچر مسئلہ حل کرنے کا راستہ (پرابلم سالونگ پاتھ وے) اپنانا شروع کرتا ہے۔ اس کے لئے والدین، اسکول کے دیگر عملہ بشمول اسپیشل ایجوکیشن ٹیچر، اور اسکول کی اندرونی ٹیم کی مشترکہ مشاورت شامل ہونی چاہیے۔ اسکول کا عملہ طالب علم کی مدد کے لیے تعلیمی اکاموڈیشن (گنجائش) یا دیگر حکمت عملی تجویز کر سکتا ہے۔ جب یہ یقین ہو جائے کہ مسئلہ حل کرنے کے عمل میں اضافی مہارت شامل ہونی چاہیے تب طالب علم کے لئے ریفرل، ایس آر ٹی کے پاس بھیجا جاتا ہے۔

### ایس آر ٹی میں والدین کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جب کسی طالب علم کا حوالہ (ریفرل)، ایس آر ٹی کو دیا جائے، تو والدین سے ان کی رضامندی کے لیے رابطہ کیا جاتا ہے اور انہیں ایس آر ٹی میٹنگ میں شرکت کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ والدین کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تمام ایس آر ٹی میٹنگز میں شرکت کریں، اور اپنے بچہ کی مدد کے لیے سفارشات دینے میں حصہ لیں۔

### طالب علم ایس آر ٹی میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟

طالب علم، اساتذہ کو اپنے سیکھنے کے انداز، ترجیحات، طاقتوں اور ضروریات کی نشاندہی کرنے کے ساتھ ساتھ، مثبت مداخلتوں کی کامیابی کی نگرانی، اور بات چیت کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اسکول اور والدین اس بات کو یقینی بنانے کے لیے باہمی تعاون سے کام کرتے ہیں کہ ایس آر ٹی میں طالب علم کی آواز کی نمائندگی کی جائے۔ جہاں مناسب ہو طالب علم کو بھی ایس آر ٹی میں شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

## ایس آر ٹی میں کون شامل ہے؟

اسکول ریسورس ٹیم، اسکول کے عملہ، والدین، طالب علم، ایچ ڈی ایس بی کے معاون عملہ اور دیگر، جو بھی مناسب ہوں، پر مشتمل ہوتی ہے۔

| ایلیمنڑی | ثانوی |
| --- | --- |
| • پرنسپل/وائس پرنسپل یا انکی طرف سے کوئی نامزد شخص<br>• سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر<br><br>شامل ہو سکتے ہیں:<br>• کلاس روم ٹیچر(ز)<br>• والدین(والدین)<br>• طالب علم<br>• سائیکوایجوکیشنل کنسلٹنٹ<br>• چائلڈاینڈیوتھ کونسلر<br>• اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ<br>• رویے کا تجزیہ کار<br>• سماجی کارکن<br>• تدریسی پروگرام کے رہنما<br>• ایجوکیشن کمیونٹی پارٹنرشپ پروگرامز کے نمائندے۔<br>• سکول کے باہر کے معاونین<br>• طالب علم کی کامیابی کے استاد | • پرنسپل/وائس پرنسپل یا انکی طرف سے کوئی نامزد شخص<br>• سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر<br><br>شامل ہو سکتے ہیں:<br>• کلاس روم ٹیچر(ز)<br>• والدین(والدین)<br>• طالب علم<br>• سفری ریسورس ٹیچر<br>• سائیکوایجوکیشنل کنسلٹنٹ<br>• سکول کا/کی سماجی کارکن (طالب علم کی رضامندی کے ساتھ)<br>• اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ (طالب علم/والدین/سرپرست کی رضامندی کے ساتھ)<br>• تدریسی پروگرام کے رہنما<br>• ایجوکیشن کمیونٹی پارٹنرشپ پروگرامز کے نمائندے۔<br>• سکول کے باہر کے معاونین<br>• طالب علم کی کامیابی کے استاد<br>• سٹوڈنٹ سروسز(گائیڈنس) ٹیچر |

## اسکول ریسورس ٹیم میٹنگ میں کیا ہوتا ہے؟

ایس آر ٹی میٹنگز ایک غیر رسمی ماحول میں منعقد کی جاتی ہیں، یا تو فاصلاتی (ورچوئل) طور پر یا ذاتی طور پر جا کر (اِن پرسن)۔ اسکول سے متعلقہ عملہ میں سے ایک، میٹنگ کی صدارت کرے گا، ہر موجود شخص کا تعارف کروائے گا، اور میٹنگ کے مقصد کی وضاحت کرے گا۔ ایس آر ٹی ممبران میں سے ایک اس صورت حال کا جائزہ پیش کرے گا، جس پر بات کی جائے گی۔ اس کے بعد، والدین سمیت، دیگر افراد سے معلومات فراہم کرنے کو کہا جاتا ہے۔ والدین کو سوالات پوچھنے اور بحث میں شامل ہونے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

ایس آر ٹی کے اختتام پر ممکنہ طور پر کچھ سفارشات پر اتفاق کیا جائے گا۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں:

- ایک طالب علم کی مدد کے لیے تدریسی حکمت عملی کی تجویز
- طالب علم کے لیے طرز عمل یا سماجی/جذباتی مدد کی تجویز
- مزید جانچ یا رسمی تشخیص کی تکمیل کی سفارش
- طالب علم کے لیے انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) تیار کرنے کی سفارش
- طالب علم کو ایک غیر معمولی طالب علم کے طور پر رسمی شناخت یا جگہ کی تقرری (پلیسمنٹ) میں تبدیلی کے لیے شناخت، تقرری اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) کے پاس بھیجنے کی سفارش

- طالب علم کو ایچ ڈی ایس بی کے کسی دوسرے پروگرام (مثلاً کمیونی کیشن پروگرام، کے ای ایل ایل پی) میں شمولیت کی سفارش
- طالب علم/خاندان کے لئے کمیونیٹ کی مدد (کمیونیٹ سپورٹ) کا انتخاب

## ایس آر ٹی کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ایس آر ٹی کے بعد، ایس آر ٹی کی سفارشات کو لاگو کیا جاتا ہے، ایک خاص مدت کے دوران، ان کی نگرانی کی جاتی ہے اور پھر ان کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ طالب علم کی ترقی کے بارہ میں معلومات، خاندان اور اسکول کو بتائی جاتی ہیں۔ طالب علم کی صورتحال پر، اس کی جاری یا بدلتی ہوئی ضروریات، اسکول کی جانب سے مسئلہ حل کرنے کی کوششوں کی کامیابی، اور خصوصی خدمات سے اضافی معلومات کی ضرورت وغیرہ کی بناپر، ایک بار، یا اسکول ٹیم کی کئی میٹنگوں میں تبادلہ خیال کیا جاسکتا ہے۔

اسکول کو کسی آئی پی آر سی یا دوسرے پروگرام کے لیے ریفرل صرف اس وقت کیا جانا چاہیے جب اسکول میں ٹیم میٹنگ (ز) میں مداخلتوں یا خصوصی گنجائشوں پر اتفاق کیا گیا ہو اور وہ ناکافی ثابت ہوں۔ البتہ، کچھ معاملات میں، یہ شروع ہی میں واضح ہو سکتا ہے کہ ایچ ڈی ایس بی پروگرام میں آئی پی آر سی / پلیسمنٹ کے ذریعہ بچہ کی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کیا جائے گا۔

# انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی)

اس دستاویز کا مقصد انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کو بہتر طور پر سمجھنے میں آپ کی مدد کرنا ہے۔ آپ کے بچہ کی تعلیم کے بارہ میں، باہمی تعاون کے ساتھ فیصلے کرنے میں آپ کی شمولیت اور رائے، قابل قدر ہیں۔

### انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کیا ہے؟

- ایک تحریری منصوبہ جس میں کسی خاص طالب علم کو درکار خصوصی تعلیمی پروگرام اور/یا خدمات کی وضاحت کی گئی ہو، بشمول طالب علم کو سیکھنے کی توقعات کو حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے درکار مخصوص گنجائش (اکاموڈیشن) کا ریکارڈ۔
- آئی ای پی، ایک ایسے طالب علم کے لیے تیار کیا جانا چاہیے جس کی شناخت شناخت، تقرری، اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) کے ذریعہ، غیر معمولی طالبعلم، کے طور پر کی گئی ہو، اور اس طالب علم کے لیے بھی تیار کیا جاسکتا ہے جسے خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے، لیکن اس کی شناخت غیر معمولی کے طور پر نہیں ہوئی ہے۔
- آئی ای پی، مسلسل کام کرنے والی ایک دستاویز ہے جو سیکھنے کی ان توقعات کی نشاندہی کرتی ہے جن میں مناسب گریڈ اور مضمون یا کورس کے لیے نصاب کی پالیسی، دستاویز میں دی گئی توقعات سے ترمیم کردہ یا اس کے متبادل ہو سکتی ہے۔
- یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ طالب علم کے پروگرام میں کسی بھی خصوصی آلات کی مخصوص رقم (ایس ای اے) سے متعلق آلات کو کس طرح استعمال/شامل کیا جاتا ہے۔
- یہ منصوبہ، طالب علم کی کامیابیوں کی اطلاع دینے کے لیے مخصوص علم اور ان اہلیتوں، جن کی جانچ کی جاتی ہے اور امتحان لیا جاتا ہے، کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ یہ بھی دیکھئے وزارت تعلیم: انفرادی تعلیمی منصوبہ بندی کا عمل۔
- تجویز کیے جانے کے بعد، آئی ای پی کو 30 تدریسی دنوں کے اندر مکمل کیا جانا چاہیے، نیز پرنسپل اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کو اس کی ایک کاپی موصول ہو۔
- آئی ای پی کی ایک کاپی طالب علم کے اونٹاریو اسٹوڈنٹ ریکارڈ (او ایس آر) میں رکھی جائے گی سوائے اس صورت میں، کہ والدین تحریری طور پر اس پر اعتراض کریں۔

### آئی ای پی ٹیم میں کون شامل ہوتا ہے؟

- والدین
- کلاس روم معلم
- سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر (ایس ای آر ٹی)
- پرنسپل
- طالب علم جہاں مناسب ہو
- ایچ ڈی ایس بی کا معاون عملہ جیسا کہ مناسب ہو

### بطور والدین ہم اپنے بچے کے آئی ای پی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

والدین/سرپرست، آئی ای پی کے عمل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آئی ای پی عمل کے ہر مرحلہ کو سمجھنا اور اس میں حصہ لینا فائدہ مند ہے۔ والدین/سرپرستوں سے، بوقت ضرورت، آئی ای پی کی ترقی اور اسکا جائزہ لینے کے لیے مشورہ لیا جانا چاہیے اور وہ اکثر سال کے دیگر حصوں میں، اس میں شامل ہونے چاہیئں۔ آپ کو والدین/سرپرست رابطہ فارم پر دستخط کرنے اور اسکول کو تاثرات فراہم کرنے کا موقع ملے گا۔ خاص طور پر، آپ کو چاہیئے:

- اپنے بچہ کے بارہ میں تازہ ترین معلومات فراہم کریں کیونکہ یہ آپ کے بچہ کی تعلیم سے متعلق ہے (مثلاً، حالیہ تشخیصی رپورٹس)؛

- وہ اہم معلومات فراہم کریں جو آپ کے بچہ کے تعلیمی پروگرام کی نشو ونما اور نفاذ میں مدد کرے گی (مثال کے طور پر، آپ کا بچہ گھر اور کمیونٹی میں جس قابلیت اور مہارت کا مظاہرہ کرتا ہو؛ آپ کے بچہ کی پسند، ناپسند، سیکھنے کے انداز/ترجیحات، دلچسپیاں، اور مختلف حالات میں اس کا ردعمل)؛
- اپنے بچہ کو گھر میں پریکٹس کرنے اور مہارتوں کو برقرار رکھنے کے مواقع فراہم کرکے اساتذہ کی کوششوں کو تقویت دیں اور ان میں توسیع کریں؛
- اسکول سے گھر اور کمیونٹی سیٹنگز میں اپنے بچے کی مہارتوں کی منتقلی پر تاثرات فراہم کریں؛
- اسکول کے ساتھ آزادانہ رابطہ رکھیں۔

مشاورت درج ذیل شکل میں ہوسکتی ہے:

- ٹیلی فون کالز
- خطوط
- ای میلز
- باقاعدگی سے طے شدہ والدین/اساتذہ کی کانفرنسوں کا حصہ
- باقاعدہ ملاقاتیں

آپ کو، اسکول کو اپنی ترجیحی مشاورت کی قسم سے آگاہ کرنا چاہیے، نیز یہ بتائیں کہ کیا آپ اسکول کے آئی ای پی کے مسودے کا جواب دینا پسند کرتے ہیں یا آئی ای پی کی ترقی میں مزید شامل ہونا چاہتے ہیں۔

## طالب علم اپنے آئی ای پی میں کیا کردار ادا کرتا ہے (جیسا کہ ترقی کے مرحلے کے مطابق موزوں ہو)؟

طالب علم بھی عمر اور علمی صلاحیت کے لحاظ سے آئی ای پی کے عمل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آئی ای پی کی ترقی اور نظرثانی میں 16 سال سے زیادہ عمر کے طلباء سے مشورہ کرنا ضروری ہے۔ خاص طور پر، طلباء کر سکتے ہیں:

- اساتذہ کو اپنے سیکھنے کے انداز، ترجیحات، طاقتوں اور ضروریات کی شناخت کرنے میں مدد کریں؛
- سمجھیں کہ کون سی گنجائش (اکاموڈیشن) فراہم کی جاتی ہے (مثال کے طور پر، انفرادی تعلیم اور تشخیص کی حکمت عملی، انفرادی آلات)؛
- سالانہ پروگرام کے اہداف اور سیکھنے کی توقعات طے کرنے میں مدد؛
- آئی ای پی کی سمجھ کا مظاہرہ کریں اور اس میں موجود اہداف اور توقعات کو حاصل کرنے کے لیے فعال طور پر کام کریں؛
- اہداف کی طرف پیش رفت کی نگرانی میں حصہ لیں اور اس بارہ میں آگاہی برقرار رکھیں کہ صوبائی رپورٹ کارڈ کے لیے گریڈ اور/یا نمبر کیسے تفویض کئے جائیں گے؛
- آئی ای پی تیار کرتے وقت ان کے، میرے بارہ میں سب کچھ (آل اباوٹ می) پورٹ فولیو، یا انفرادی پاتھ ویز پلان (آئی پی پی) میں موجود معلومات پر غور کریں۔

## آئی ای پی کے اہم اجزاء کیا ہیں؟

### طاقتیں/ضرورتیں:

طاقت کے شعبوں میں، درج ذیل معلومات شامل ہوسکتی ہیں جیسے:

- سیکھنے کے ترجیحی انداز
- پہلے سے موجود سیکھنے کی مہارتیں
- سوچ کے اور ذہنی عمل کی رفتار (کاگنے ٹیو پروسیسنگ)، اور مواصلات جیسے شعبوں، میں مضبوطی

ضرورت کے شعبوں کے ذریعہ ان وجوہات کو واضح کیا جانا چاہیے جن کی وجہ سے طالب علم کو خصوصی تعلیمی پروگرام اور/یا خدمات کی ضرورت ہوتی ہے۔اس میں شامل ہو سکتا ہے:

- علمی اور/یا معلومات سمجھنے کے عمل میں مشکلات
- وہ ہنر جو طالب علم کی استثنیٰ سے متعلق ہیں اور/یا سیکھنے کی صلاحیت میں مداخلت کرتے ہیں

**تشخیص:**

یہ معلومات براہ راست ان وجوہات سے متعلق ہیں جو خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات کی ضرورت کو جنم دیتی ہیں۔ان میں شامل ہو سکتے ہیں:

- ان کے ذریعہ کی گئی تشخیص جو بچے کی انفرادی طاقتوں اور ضروریات کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے: ماہر نفسیات، اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ، سپیشل ایجوکیشن ریسورس ٹیچر، کلاس روم ٹیچر، یا دیگر پیشہ ورافراد (مثلاً، پیشہ ورانہ معالج، معالج، فزیوتھراپسٹ، آپٹومیٹرسٹ/آپتھمولوجسٹ، آڈیولوجسٹ)

**پروگرام کا سالانہ مقصود:**

- انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کے بیانات جو یہ ظاہر کرتے ہوں کہ کسی طالب علم سے تعلیمی سال کے اختتام تک کسی خاص مضمون، کورس یا مہارت کے شعبے میں کیا کچھ حاصل کرنے کی معقول توقع کی جاسکتی ہے۔اگر طالب علم کی سیکھنے کی توقعات کو، کسی خاص مضمون یا کورس کے لیے نصاب کی بنیادی توقعات کی نسبت، تبدیل کیا جاتا ہے، یا اگر طالب علم کی سیکھنے کی توقعات متبادل سیکھنے کی توقعات ہوں تو سالانہ اہداف تیار کیے جائیں۔

**گنجائش (اکاموڈیشن):**

- یہ ان مخصوص تدریسی، ماحولیاتی اور تشخیصی حکمت عملیوں اور معاونت کی وضاحت کرتی ہیں، جو ایک طالب علم کو اپنے گریڈ کے لیے موزوں نصاب کی بنیاد پر سیکھنے، اور سیکھنے کا مظاہرہ کرنے کے قابل بناتی ہیں۔ایسے آئی ای پی، جن میں صرف گنجائش (اکاموڈیشن) شامل ہو، ان میں پروگرام کے صفحات شامل نہیں ہوتے۔

**ترامیم:**

- آئی ای پی میں، ایک ہی گریڈ لیول کی توقعات پر، دو طرح کی تبدیلیاں ممکن ہیں:
  - اُسی (طالبعلم کے اپنے) گریڈ لیول کے نصاب کے لیے درکار علم اور مہارتوں کی عکاسی کریں جس میں، اسی گریڈ لیول کی باقاعدہ توقعات کی مقدار اور/یا پیچیدگی میں کمی ہو۔
  - ایک مختلف گریڈ کی سطح کی توقعات: نصاب کے لیے درکار علم اور مہارت کو مختلف گریڈ کی سطح پر نصاب کی مقدار اور مطلوبہ مہارتوں میں کمی کے ساتھ ظاہر کریں

* ثانوی سطح پر، کورس کے لیے کریڈٹ دیا جاسکتا ہے یا نہیں، اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ کورس میں توقعات میں کس حد تک ترمیم کی گئی ہے۔

**متبادل نصاب:**

- طلباء کے ایسے علم اور ہنر کی نشوونما میں مدد کرتے ہیں جن کی اونٹاریو کے نصاب میں نمائندگی نہیں کی گئی ہے
- ایچ ڈی ایس بی کثرت سے کیرولینا نصاب اور ایک فنکشنل اسیسمنٹ اینڈ کریکولم (اے ایف اے سی) کا حوالہ دے گا

- متبادل نصاب کی تشخیص کی اطلاع آئی ای پی کے ذریعہ دی جائے گی

## منتقلی کی منصوبہ بندی:

- تعلیمی منتقلی (ٹرانزیشن) میں طلباء کی مدد کے لیے درکار حکمت عملیوں، کی شناخت، ترقی اور نفاذ کے لیے۔ اس میں اسکول سے اسکول، یا گریڈ سے گریڈ منتقلی شامل ہو سکتی ہے۔ دیکھیں وزارت تعلیم: منتقلی۔

## آئی ای پی کی ترقی، نفاذ اور جائزہ کے لئے کیا عمل کارفرما ہے؟

### معلومات جمع کرنا:

- مختلف ذرائع سے معلومات جمع کرنا بشمول: مشاہدہ، تشخیص، والدین، اونٹاریو اسٹوڈنٹ ریکارڈ (او ایس آر) آئی پی آر سی، اگر قابل اطلاق ہو

### سمت مقرر کرنا:

- سیکھنے سے متعلق طالبعلم کی طاقتوں اور ضروریات کے بارہ میں ایک مشترکہ فہم تیار کرنا۔ ممکنہ منتقلی کی ضروریات پر غور

### آئی ای پی کی تیاری:

- ان مضامین، کورسز یا متبادل پروگرام کے علاقوں کی نشاندہی، جو خصوصی تعلیمی پروگرام میں شامل ہوں گے
- سیکھنے کے لیے مختصر اور طویل مدتی اہداف طے کرنا
- والدین کے جائزہ کے لیے، آئی ای پی کی ڈرافٹ کاپی گھر بھجوانا

### آئی ای پی کا نفاذ:

- سیکھنے کے ایسے مواقع فراہم کرنا، جو بچہ کے خصوصی تعلیمی منصوبہ میں بیان کی گئی سیکھنے کی قوتوں اور ضروریات، اور اہداف کے لیے مخصوص ہوں

### آئی ای پی کا جائزہ، اور اپ ڈیٹ کرنا:

- ہر رپورٹنگ پیریڈ کے آغاز میں سیکھنے کی توقعات کو اپ ڈیٹ کرنا*
- آئی ای پی پر تبدیلیاں درج کرنا۔
- آئی ای پی کا سالانہ جائزہ۔

* اگر ضروری ہو تو سال بھر میں کسی بھی وقت تبدیلیاں کی جا سکتی ہیں

## میں آئی ای پی کے عمل میں مزید کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

طلباء سب سے زیادہ کامیاب تب ہوتے ہیں، جب سب مل کر ان کے لئے قابل حصول اہداف پر کام کرتے ہیں۔ بطور والدین/سرپرست:

- ہر وقت اپنے بچہ پر توجہ مرکوز رکھیں
- استاد کو بتائیں کہ آپ کو اپنے بچے کی تعلیم سے کیا امیدیں ہیں۔
- نئے خیالات اور معلومات پیش کریں
- سوالات پوچھیں
- ہر ایک کی رائے کی قدر کریں

ہر اسکول کا پرنسپل اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہے کہ اسکول میں طلبا کے لیے تمام آئی ای پی، مناسب طریقے سے بنائے گئے، ان کا جائزہ لیا گیا ہے اور انہیں مناسب طریق پر نافذ کیا گیا ہے۔

آئی ای پی سائیکل کے ہر مرحلے پر آپ کی رائے کا خیر مقدم اور قدر کی جاتی ہے۔

# آئی ای پی کے اہم پہلوؤں پر تنازعات کے حل کا عمل

ہالٹن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کا یہ عزم ہے کہ ،اس مداخلتی ماڈل کے کسی بھی مرحلے پر، طالب علم کی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے ایک تسلی بخش حل تک پہنچا جائے۔ عملہ اور والدین/سرپرست کو حل تلاش کرنے کے لیے تعاون کرنا اور کھل کر بات چیت کرنی چاہیے۔

والدین/سرپرست اسکول کے مناسب عملے جیسے کہ خصوصی تعلیم کے استاد کلاس روم ٹیچر اور محکمہ کے سربراہ سے مسائل کو حل کرنے کے لیے خدشات پر تبادلہ خیال کرتے ہیں

↓

والدین/سرپرست اسکول کے پرنسپل یا نائب پرنسپل سے خدشات پر تبادلہ خیال کرتے ہیں

↔

والدین/ سرپرست کو خدشات پر بات کرنے کے لیے اسکول ریسورس ٹیم میٹنگ میں شرکت کی دعوت دی گئی

↓

اسکول یا والدین/سرپرست تنازعات کے حل میں مدد کے لیے ایریا انسٹرکشنل پروگرام لیڈر (آئی پی ایل) سے رابطہ کریں

↓

انسٹرکشنل پروگرام لیڈر (آئی پی ایل) ایک کیس کانفرنس ایریا میں شریک ہو سکتا ہے اور اس میں بورڈ کے دیگر اہلکار شامل ہو سکتے ہیں جیسے سفری اساتذہ، سپرنٹنڈنٹ وغیرہ

↓

پرنسپل، کیس کے حوالے سے ظاہر کی گئی تمام متعلقہ معلومات اور خدشات پر غور کرتا ہے اور آئی ای پی پر حتمی فیصلہ کرتا ہے اور والدین کو فیصلوں سے آگاہ کرتا ہے

↓

والدین/سرپرستوں کو آئی ای پی مشاورتی فارم پر دستخط کرنے کو کہا جاتا ہے۔ اگر والدین/سرپرست اب بھی تنازعات کے حل کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں تو وہ اس فارم پر آئی ای پی کے بارے میں اپنے خدشات درج کر سکتے ہیں

**نوٹ: ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کے پاس تنازعات کو حل کرنے کا عمل ہے۔ براہ کرم ایچ ڈی ایس بی کی ویب سائٹ دیکھیں کہ مسائل اور خدشات کو کیسے حل کریں۔**

## شناخت، تقرری اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی)

اس دستاویز کا مقصد شناخت، تعیناتی اور جائزہ کمیٹی (آئی پی آر سی) کے عمل کو بہتر طور پر سمجھنے میں، آپ کی مدد کرنا ہے۔ آپ کے بچہ کی تعلیم کے بارہ میں، باہمی تعاون کے ساتھ فیصلے کرنے میں، آپ کی شمولیت اور رائے قابل قدر ہیں۔

### آئی پی آر سی کا مطلب ہے:

**آئی** - آئیڈنٹیٹی یا شناخت

**پی** - پلیس یا جگہ کا تعین

**آر** - ریویو یا جائزہ

**سی** - کمیٹی یا مشاورتی گروہ

آئی پی آر سی ملاقات اور فیصلہ کرتی ہے اگر کسی طالب علم کی شناخت ایک غیر معمولی شاگرد کے طور پر کی جانی چاہیے اور، اگر ایسا ہے تو، اس جگہ کی بھی جو طالب علم کی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کرے گی۔

### آئی پی آر سی کا کیا کردار ہے؟

آئی پی آر سی کرے گی:

- یہ فیصلہ، کہ آیا آپ کے بچے کی غیر معمولی شناخت ہونی چاہیے یا نہیں۔
- وزارت تعلیم کی طرف سے فراہم کردہ استثنائیات کے زمروں اور تعریفوں کے مطابق، آپ کے بچہ کی استثنائیت کے شعبوں کی نشاندہی کرنا۔ ملاحظہ کریں ضمیمہ الف۔
- آپ کے بچہ کے لیے مناسب شناخت اور جگہ کا تعین کرنا۔ ملاحظہ کریں ضمیمہ ب؛ اور ہر تعلیمی سال میں کم از کم ایک بار شناخت اور تعیناتی کا جائزہ لینا۔

### آئی پی آر سی میٹنگ کی درخواست کیسے کی جاتی ہے؟

- آپ اپنے بچہ کے پرنسپل کو تحریری درخواست دے کر اپنے بچے کے لیے آئی پی آر سی میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- آپ کے بچے کا پرنسپل، اسکول ریسورس ٹیم کے عمل کے ذریعہ، آئی پی آر سی میٹنگ کی درخواست کر سکتا ہے جب یہ سفارش کی گئی ہو کہ آپ کا بچہ کسی خصوصی تعلیمی پروگرام سے مستفید ہو سکتا ہے۔

آپ کی درخواست موصول ہونے کے 15 تدریسی دنوں کے اندر، یا ایس آر ٹی کی سفارشات پر عمل کرنے کے بعد، پرنسپل کو، آپ کو اس گائیڈ کی ایک کاپی کا لنک اور آئی پی آر سی کی آئندہ ممکنہ ملاقات کے بارہ میں ایک تحریری بیان فراہم کرنا چاہیے۔

### آئی پی آر سی میٹنگ کے بارہ میں والدین/سرپرست کو کیا معلومات فراہم کی جائیں گی؟

میٹنگ سے کم از کم 10 تدریسی دن پہلے، آئی پی آر سی کے سربراہ، آپ کو میٹنگ کی تحریری اطلاع، اور آپ کے بچے کی شناخت اور تعیناتی پر غور کرنے کے لیے ایک اہم پارٹنر کے طور پر شرکت کا دعوت نامہ، فراہم کریں گے۔ یہ خط آپ کو میٹنگ کی تاریخ، وقت اور جگہ کے بارہ میں (یا اگر ورچوئل ہو، تو گوگل میٹ کا لنک بھیج کر) مطلع کرے گا اور یہ آپ سے یہ بتانے کے لیے کہے گا کہ کیا آپ شرکت کریں گے۔

آئی پی آر سی کی میٹنگ ہونے سے پہلے، آپ کو آپ کے بچہ کے بارہ میں جو بھی معلومات آئی پی آر سی کے سربراہ کو موصول ہوئی ہیں، کی ایک تحریری کاپی ملے گی۔اس میں تشخیص کے نتائج یا معلومات کا خلاصہ شامل ہو سکتا ہے۔

## کیا والدین/سرپرست آئی پی آر سی میٹنگ میں شرکت کر سکتے ہیں؟

ضابطہ 181/98 والدین/سرپرست، اور 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے شاگردوں، کو یہ حق دیتا ہے:

- اپنے بچے کے بارہ میں کمیٹی کے تمام مباحثوں میں حاضر ہونا اور ان میں شرکت کر سکیں؛ اور
- کمیٹی کی شناخت اور تعیناتی کے فیصلہ لئے جانے کے وقت، موجود ہوں۔

## اگر والدین/سرپرست طے شدہ میٹنگ میں آنے سے قاصر ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ طے شدہ میٹنگ پر آنے سے قاصر ہیں، تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- متبادل تاریخ یا وقت کا بندوبست کرنے کے لیے اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔ یا
- اسکول کے پرنسپل کو مطلع کریں کہ آپ شرکت نہیں کریں گے۔ میٹنگ کے بعد، شناخت اور تقرری کے بارہ میں آئی پی آر سی کا تحریری بیان، اور خصوصی تعلیمی پروگراموں اور خدمات کی پیش کردہ کوئی بھی سفارشات، آپ کو غور اور دستخط کے لیے بھیجی جائیں گی۔

## آئی پی آر سی کون لوگ تیار کرتے ہیں؟

ضابطہ 181/98 کا تقاضا ہے کہ تمام اسکول بورڈ آئی پی آر سی تیار کریں۔ایک آئی پی آر سی کم از کم 3 افراد پر مشتمل ہوتی ہے:

1. سربراہ، جو ایچ ڈی ایس بی میں پرنسپل یا نائب پرنسپل ہو۔
2. آئی پی آر سی رکن جو پرنسپل، وائس پرنسپل، پروفیشنل سروسز ایس ای آر ٹی کا مینیجر، کلاس روم ٹیچر، سفری ریسورس ٹیچر، انسٹرکشنل پروگرام لیڈ، سپیشل ایجوکیشن سروسز ایڈمن، او سی ٹی سکول کا عملہ جو طالب علم کو پیش نہیں کر رہا، ہو سکتے ہیں۔
3. نگران افسر یا ایچ ڈی ایس بی کا نامزد کردہ کوئی شخص۔

والدین/سرپرست کو میٹنگ میں شرکت کے لیے دعوت دی جاتی، اور شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

اس کے علاوہ حاضری میں آئی پی آر سی عمل کے کوآرڈینیٹر اور/یا آئی پی آر سی سیکرٹری ہوں گے۔

## آئی پی آر سی کے اجلاس میں اور کون شرکت کر سکتا ہے؟

- آپ کے بچہ کے اسکول کا پرنسپل یا نائب پرنسپل؛
- دیگر وسائل سے لوگ جیسے کہ آپ کے بچے کا استاد، خصوصی تعلیم کا عملہ، ایچ ڈی ایس بی کا معاون عملہ، یا کسی ایجنسی کا نمائندہ جو مناسب طور پر مزید معلومات یا وضاحت فراہم کر سکتا ہے۔
- آپ کا نمائندہ-یعنی وہ شخص جو آپ کی حمایت کر سکتا ہے یا آپ یا آپ کے بچے کی طرف سے بات کر سکتا ہے۔ اور
- ایک مترجم، اگر کسی کی ضرورت ہو (آپ اپنے بچہ کے اسکول کے پرنسپل کے ذریعہ مترجم کی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں)۔

## دوسروں کو شرکت کی درخواست کون کر سکتا ہے؟

آپ، یا آپ کے بچہ کے اسکول کا پرنسپل، آئی پی آر سی میٹنگ میں دوسروں کی موجودگی کے لیے درخواست کر سکتا ہے۔

## آئی پی آر سی میٹنگ میں کیا ہوتا ہے؟

- سربراہ سب کا تعارف کروائے گا، اور میٹنگ کے مقصد کی وضاحت کرے گا۔
- اسکول کی نمائندگی کرنے والا ایک رکن، درخواست اور معاون معلومات پیش کرے گا جس میں متعلقہ جائزوں کا خلاصہ شامل ہو سکتا ہے۔
- والدین کو اضافی معلومات سے متعلق بات کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔
- آئی پی آر سی آپ کے بچہ کے بارہ میں تمام دستیاب معلومات کا جائزہ لے گی۔

## ممبران، درج ذیل کا خیال کریں گے:

- آپ کے بچہ کی تعلیمی تشخیص پر غور کریں۔
- اگر وہ محسوس کرتے ہیں کہ درست شناخت یا تقرری کا فیصلہ کرنے کے لیے ایسی تشخیص کی ضرورت ہے تو، ہیلتھ کیئر کانسینٹ ایکٹ، 1996 کی دفعات کے تحت، آپ کے بچے کی صحت یا نفسیاتی تشخیص کسی قابل پریکٹیشنر کے ذریعے کروائی جانے پر غور کریں، ۔اور
- کسی بھی ایسی معلومات پر غور کریں جو آپ، اپنے بچہ کے بارہ میں جمع کراتے ہیں یا اگر آپ کا بچہ 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہے تو وہ خود پیش کرتا ہے۔(ضمیمہ ج دیکھیں)

کمیٹی آپ کی رضامندی سے آپ کے بچے کا انٹرویو کر سکتی ہے، اگر اس کی عمر 16 سال سے کم ہے اور اگر وہ محسوس کریں کہ ایسا کرنا مفید ہو گا۔

کمیٹی، اسکول، والدین یا طالب علم (اگر طالب علم کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے) کے ذریعہ پیش کردہ کسی بھی تجویز پر بحث کر سکتی ہے جو بچہ کے لیے خصوصی تعلیمی پروگرام، یا خصوصی تعلیمی خدمات کے بارہ میں ہو۔ آپ کو سوالات پوچھنے اور بحث میں شامل ہونے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

بحث کے بعد تمام معلومات پیش کر چکنے، اور غور کرنے کے بعد، کمیٹی اپنا فیصلہ کرے گی۔

## ایک غیر معمولی شاگرد کے طور پر کون پہچانا جاتا ہے؟

ایجوکیشن ایکٹ ایک غیر معمولی طالب علم کی تعریف یوں کرتا ہے "ایک ایسا شاگرد جس کا طرز عمل، مواصلات، فکری، جسمانی یا متعدد استثنائیات ایسی ہیں کہ ان کے لئے ایک خصوصی تعلیمی پروگرام میں تعیناتی کی ضرورت، لازم سمجھی جاتی ہے..." طلباء کی شناخت زمروں اور تعریفوں کے مطابق کی جاتی ہے۔ وزارت تعلیم کی طرف سے فراہم کردہ استثنائیات۔(ملاحظہ کریں ضمیمہ الف)

## خصوصی تعلیمی پروگرام کیا ہے؟

ایجوکیشن ایکٹ میں خصوصی تعلیمی پروگرام کی تعریف ایک ایسے تعلیمی پروگرام کے طور پر کی گئی ہے جو مسلسل تشخیص پر، اور تشخیص کے نتائج پر مبنی ہو اور ان نتائج کے مطابق اس میں ترمیم کی گئی ہو۔ اور اس میں ایک منصوبہ (جسے انفرادی تعلیمی منصوبہ یا آئی ای پی کہا جاتا ہے) شامل ہے، جس میں مخصوص مقاصد اور خصوصی تعلیمی خدمات کا خاکہ شامل ہے، جو غیر معمولی طالب علم کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔(ملاحظہ کریں ضمیمہ ب)

## خصوصی تعلیمی خدمات کیا ہیں؟

خصوصی تعلیمی خدمات کی تعریف ایجوکیشن ایکٹ میں سہولتوں اور وسائل کے طور پر کی گئی ہے، بشمول ایسے معاون عملہ اور آلات کے، جو خصوصی تعلیمی پروگرام کو تیار کرنے اور نافذ کرنے کے لیے ضروری ہیں۔

## آئی پی آر سی، تعیناتی کا اپنا فیصلہ کرنے میں، کس چیز پر غور کرے گی؟

اس سے قبل کہ آئی پی آر سی آپ کے بچہ کو خصوصی تعلیم کی کلاس میں رکھنے پر غور کرے، اسے اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ کیا مناسب خصوصی تعلیمی خدمات کے ساتھ، باقاعدہ کلاس ہی میں تقرری، درج ذیل میں مدد دے سکتی ہے:

- آپ کے بچہ کی ضروریات کو پورا کرے گی
- آپ کی ترجیحات کے مطابق ہوگی۔

اگر، اس کے سامنے پیش کی گئی تمام معلومات پر غور کرنے کے بعد، آئی پی آر سی مطمئن ہے کہ باقاعدہ کلاس میں تقرری آپ کے بچے کی ضروریات کو پورا کرے گی اور یہ کہ ایسا فیصلہ آپ کی ترجیحات سے مطابقت رکھتا ہے، تو کمیٹی، مناسب خصوصی تعلیمی خدمات کی پیشکش کے ساتھ، باقاعدہ کلاس ہی میں تقرری کے حق میں فیصلہ کرے گی۔

اگر کمیٹی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے بچہ کو خصوصی تعلیم کی کلاس میں رکھا جانا چاہیے، تو اسے اس فیصلے کی وجوہات سے، اپنے فیصلے کے تحریری بیان میں آگاہ کرنا چاہیے۔

## آئی پی آر سی کے فیصلے کے تحریری بیان میں کیا شامل ہوگا؟

آئی پی آر سی کا تحریری فیصلہ بیان کرے گا:

- آیا آئی پی آر سی نے آپ کے بچہ کی شناخت، غیر معمولی ہونے کے طور پر، کی ہے؛
- اگر آئی پی آر سی نے آپ کے بچہ کی شناخت، غیر معمولی کے طور پر کی ہے،
  - استثنیٰ کے تمام زمرے اور تعریفیں شامل کرنا، جیسا کہ ان کی تعریف وزارت تعلیم نے کی ہے۔
  - آپ کے بچے کی طاقتوں اور ضروریات کی آئی پی آر سی کی وضاحت؛
  - آئی پی آر سی کا تقرری کا فیصلہ؛ اور
  - خصوصی تعلیمی پروگرام اور خصوصی تعلیمی خدمات کے بارہ میں آئی پی آر سی کی سفارشات۔
- اگر آئی پی آر سی نے فیصلہ کیا ہو کہ آپ کے بچہ کو خصوصی تعلیم کی کلاس میں رکھا جانا چاہیے اور اس فیصلے کی وجوہات۔

## اگر آپ متفق ہیں تو آئی پی آر سی کے فیصلہ کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

- آپ سے فیصلے کے تحریری بیان پر دستخط کرنے سے، اس سے اپنے متفق ہونے کی نشاندہی کرنے کا، کہا جائے گا۔
- بورڈ فوری طور پر اس اسکول کے پرنسپل کو مطلع کرے گا جس پر خصوصی تعلیمی پروگرام فراہم کیا جانا ہے، اور (اسی کے مطابق) آپ کے بچہ کا انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) تازہ کیا جائے گا۔
- آپ اپنے بچہ کے، تین ماہ تک خصوصی تعلیمی پروگرام میں رہنے کے بعد، کسی بھی وقت آئی پی آر سی میٹنگ کا جائزہ لینے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ متفق نہ ہوں، تو آئی پی آر سی کے فیصلہ کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

- اگر آپ آئی پی آر سی کے، طالب علم غیر معمولی ہے یا نہیں، یا طالب علم کے لیے جگہ کے تعین کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں تو اپنے بچہ کے اسکول کے پرنسپل کو مطلع کریں اور میٹنگ کے بعد موصول ہونے والے فیصلے کے بیان پر دستخط نہ کریں۔
- آپ پرنسپل سے تحریری طور پر آئی پی آر سی کے ساتھ دوسری میٹنگ کے لیے کہہ سکتے ہیں تاکہ فیصلے پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ فیصلہ کا بیان موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر، ایسا کر لیا جانا چاہیے۔
- آئی پی آر سی کے ساتھ دوسرے تبادلہ خیال کے بعد، آپ کو دوبارہ فیصلہ کا تحریری بیان موصول ہوگا۔
    - اگر آپ اب متفق ہیں، تو آپ کو بیان پر دستخط کر کے اسے واپس کرنا چاہیے۔ یا
    - اگر آپ آئی پی آر سی سے متفق نہیں ہیں، تو آپ دوسری میٹنگ سے فیصلے کی وصولی کے 15 تدریسی دنوں کے اندر، اپیل کا تحریری نوٹس دے سکتے ہیں۔ یا
    - اگر آپ آئی پی آر سی سے متفق نہیں ہیں اور آئی پی آر سی کے ساتھ اس معاملے پر بات نہیں کرنا چاہتے تو آپ اپیل کا تحریری نوٹس دے سکتے ہیں۔ ایسا، فیصلہ کے بیان کی وصولی کے 30 تدریسی دنوں کے اندر، کیا جانا چاہیے۔

## میں آئی پی آر سی کے فیصلے کی اپیل کیسے کروں؟

اگر آپ، آئی پی آر سی کی جانب سے اپنے بچہ کی شناخت/عدم شناخت سے غیر معمولی ہونے، یا آئی پی آر سی کے تعیناتی کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو آپ اصل فیصلے کی وصولی کے 30 تدریسی دنوں کے اندر، یا، اوپر بیان کردہ دوسری میٹنگ کے فیصلے کی وصولی کے 15 تدریسی دنوں کے اندر فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے اپنے ارادے کی تحریری اطلاع دیں:

ڈائریکٹر آف ایجوکیشن، ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ
جے۔ ڈبلیو۔ سنگلٹن سینٹر
2050 گویلف لائن برلنگٹن، اونٹاریو L7P 5A8

اپیل کا نوٹس میں درج ذیل شامل ہونا لازمی ہے:

- اس فیصلے کی نشاندہی کریں جس سے آپ متفق نہیں ہیں (شناخت، عدم شناخت، اور/یا جگہ کا تعین)؛ اور
- ایک بیان شامل کریں جو آپ کے اختلاف کی وجوہات کا تعین کرے۔

## اپیل کے عمل میں کیا ہوتا ہے؟

اپیل بورڈ کے تین ارکان ہوتے ہیں جنہیں بورڈ یا وزارت تعلیم کا رکن یا ملازم نہیں ہونا چاہیے اور جن کا اپیل کے تحت ہونے والے معاملے سے، پہلے سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہیے۔

اپیل بورڈ درج ذیل پر مشتمل ہوگا:

اَ۔ بورڈ کے ذریعہ منتخب کردہ ایک رکن؛
ب۔ ایک رکن جسے طالب علم کے والدین نے منتخب کیا ہے۔ اور
ج۔ ایک سربراہ، جو اوپر کے اراکین کے ذریعے مشترکہ طور پر منتخب کیا جاتا ہے یا، جہاں اراکین متفق نہ ہو سکیں، وزارت تعلیم کے مناسب ڈسٹرکٹ مینیجر کے ذریعے۔

اپیل کے عمل میں درج ذیل اقدامات شامل ہیں:

- اپیل بورڈ کا سربراہ، ایک مناسب وقت اور جگہ پر میٹنگ کا اہتمام کرے گا، لیکن اپنے انتخاب کے 30 تدریسی دنوں سے زیادہ دیر نہیں (سوائے اس صورت میں، کہ والدین/سرپرست اور بورڈ بعد کی کسی تاریخ کی تحریری رضامندی فراہم نہ کریں)؛
- اپیل بورڈ کو آئی پی آر سی کی طرف سے جائزہ لیا گیا مواد موصول ہوگا، اور بورڈ کسی ایسے شخص کا انٹرویو کر سکتا ہے جو اپیل کے تحت معاملہ کے بارہ میں معلومات فراہم کرنے کے قابل ہو۔
- آپ، یعنی والدین، اور آپ کا بچہ اگر وہ 16 سال، یا اس سے زیادہ عمر کا ہے، موجود ہونے اور تمام مباحثوں میں حصہ لینے کے حقدار ہیں۔
- اپیل بورڈ کو میٹنگ کے ختم ہونے کے تین تدریسی دنوں کے اندر اپنی سفارش پیش کرنی چاہیے؛
- اپیل بورڈ کر سکتا ہے:
    - آئی پی آر سی سے اتفاق، اور تجویز کرنا کہ فیصلے پر عمل درآمد کیا جائے؛ یا
    - آئی پی آر سی سے متفق نہ ہونا اور آپ کے بچہ کی شناخت یا تعیناتی یا دونوں کے بارہ میں بورڈ کو سفارش کرنا۔
- اپیل بورڈ اپنی سفارشات کو تحریری طور پر آپ کو، اور ایچ ڈی ایس بی کو رپورٹ کرے گا، اپنی سفارشات کی وجوہات فراہم کرے گا۔
- اپیل بورڈ کا تحریری بیان موصول ہونے کے 30 تدریسی دنوں کے اندر، ایچ ڈی ایس بی فیصلہ کرے گا کہ وہ سفارشات کے حوالے سے کیا کارروائی کرے گا۔ بورڈز کے لئے، اپیل بورڈ کی سفارش پر عمل کرنا لازمی نہیں ہے۔

## آئی پی آر سی کا سالانہ جائزہ کس چیز پر غور، اور فیصلہ کرتا ہے؟

- آئی پی آر سی کا سالانہ جائزہ ان تمام طلباء کے لیے ضرور ہونا چاہیے جن کی شناخت اور تقرری موجود ہے، اور اسے تعلیمی سال کے 31 مئی تک مکمل کیا جانا چاہیے۔
- اگر، ایس آر ٹی بات چیت کے دوران، اسکول اور والدین موجودہ شناخت اور تعیناتی کے ساتھ متفق ہیں، اور کسی تبدیلی کی ضرورت نہ ہو تو والدین آئی پی آر سی کے سالانہ جائزہ کی چھوٹ (ویَور) کو مکمل کر سکتے ہیں۔
- آپ کی تحریری اجازت کے ساتھ، جائزہ لینے والی آئی پی آر سی، آپ کے بچہ کی آئی ای پی کے سلسلے میں ہونے والی پیشرفت پر غور کرے گی۔ یہ نہ صرف اسی قسم کی معلومات پر غور کرے گی جس پر اصل میں آئی پی آر سی نے غور کیا تھا، بلکہ ساتھ ہی وصول ہونے والی تمام نئی معلومات پر بھی۔

## مقامی انجمنیں

### والدین/سرپرست کی مدد کے لیے کون کون سی مقامی انجمنیں موجود ہیں؟

بہت سی مقامی انجمنیں غیر معمولی بچوں کے والدین/سرپرست کو معلومات اور مدد فراہم کرنے کے لیے موجود ہیں۔ آپ کو، دستیاب خدمات اور وسائل کے بارہ میں، مزید معلومات کے لیے مقامی انجمنوں سے رابطہ کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

ذیل میں مقامی انجمنیں درج ہیں جو ایچ ڈی ایس بی کی خصوصی تعلیمی مشاورتی کمیٹی تشکیل دیتی ہیں۔

| ایسوسی ایشن کا نام | وضاحت |
|---|---|
| **ایسوسی ایشن فار برائٹ چلڈرن (اے بی سی) ہالٹن**<br><br>www.abchalton.ca<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br><br>کیٹ لیمبی چیر<br>kate@kclsoftware.com<br><br>سوریکھا کینیتی<br>surkhi6@gmail.com | ایسوسی ایشن فار برائٹ چلڈرن آف اونٹاریو (اے بی سی اونٹاریو) ایک مکمل رضاکار، صوبائی طور پر شامل رجسٹرڈ چیرٹی ہے، جو بے حد لائق، اور ہونہار بچوں اور نوعمروں کے والدین کو، نیٹ ورکنگ اور مقامی ورکشاپس کے ذریعے معلومات، وکالت اور مدد فراہم کرتی ہے۔ صوبہ، والدین کی اس آواز کو مقامی اسکول بورڈ، ماہرین تعلیم، پیشہ ورانہ گروپس اور اونٹاریو کی وزارت تعلیم کو فراہم کرتا ہے۔ اے بی سی اونٹاریو کے ہالٹن کی شاخ کو ہالٹن کے علاقہ بشمول اوک وِل، ملٹن، برلنگٹن، ہالٹن ہلز، جارج ٹاون اور ایکٹن کے رضاکاروں اور ہونہار (گفٹڈ) بچوں کے والدین، کی مدد حاصل ہے۔<br><br>اے بی سی اونٹاریو اور اے بی سی ہالٹن دونوں شاخیں پیش کرتی ہیں:<br><br>• ہونہار (گفٹڈ) ہونے کے اعصابی تنوع پر معلومات اور وسائل؛<br>• ہونہار (گفٹڈ) ہونے کی شناخت کے عمل کو آگے بڑھانے میں مدد اور تعاون؛<br>• اونٹاریو منسٹری آف ایجوکیشن اور ہالٹن کمیونٹی کے دیگر پیشہ ور افراد کے ذریعے ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ میں دستیاب خصوصی تعلیمی پروگراموں اور معاونت کے بارہ میں معلومات۔<br>• ایسے مواقع جو بے حد لائق اور ہونہار بچوں کے خاندانوں کو سرپرستوں اور سیکھنے والوں دونوں کے لیے نیٹ ورکنگ کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔<br>• اساتذہ اور والدین/سرپرستوں کے لیے ورکشاپس اور کانفرنسز<br>• والدین/سرپرست بھی ہمارے فعال سوشل میڈیا اے بی سی ہالٹن پیرنٹ چیٹ فیس بک گروپ کے ذریعہ کمیونٹی میں ہونہار اور روشن بچوں کے دوسرے والدین/سرپرستوں کے ساتھ بحث میں شامل ہو سکتے ہیں: https://www.facebook.com/groups/1838878789738804/ |

| | |
|---|---|
| **سینٹر فار ڈائیورس لرنرز۔ہالٹن**<br><br>**https://diverselearners.ca**<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br>ایلی سن برِنڈل<br>alison_brindle@diverselearners.ca<br><br>ڈائی اَین وانڈن بَوش<br>dvandenbossche41@gmail.com | ہمارا مشن لرننگ ڈس ایبلٹیز (ایل ڈیز) اور/یا اے ڈی ایچ ڈی والے افراد کے لیے وکالت، تعلیم اور خدمات فراہم کرنا ہے تاکہ انہیں اپنی پوری صلاحیت تک پہنچنے کے لیے بااختیار بنایا جاسکے۔ ہمارا مقصد ایک ایسی دنیا بنانا ہے جہاں سیکھنے کی معذوری والے افراد کو شامل کیا جائے، بااختیار بنایا جائے اور انہیں خوشی سے پہچانا (سیلیبریٹ کیا) جائے۔<br>ہم خاندانوں کو متعدد خدمات اور معاونت پیش کرتے ہیں:<br>• پڑھنے، ریاضی، معاون ٹیکنالوجی، کی بورڈنگ، اور عمومی ہوم ورک سپورٹ میں ٹیوشن؛<br>• سماجی مہارتوں میں پروگرام، ایگزیکٹو کام کاج، خود وکالت، ہائی اسکول میں منتقلی کی مدد؛ پوسٹ سیکنڈری، اور ملازمت<br>• یوتھ سپورٹ گروپ؛<br>• والدین کی مدد: معلوماتی ورکشاپس اور کانفرنسیں، سٹریس مینجمنٹ، آئی ای پیز کے لئے مشورے، خصوصی تعلیمی نظام سے میں اپنا راستہ تلاش کرنے میں مدد، وکالت کی معاونت، اور محض سننے کے لیے ایک معاون گوش! |
| **کمیونٹی لِونگ برلنگٹن**<br><br>**www.clburlington.ca**<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br>ندینہ ٹورِک<br>toric_nadina@clburlington.ca | |
| **کمیونٹی لِونگ نارتھ ہالٹن**<br><br>**https://clnh.on.ca/**<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br>ایولین برسی<br>ebursey@clnh.on.ca | |
| **ایسٹر سیلِز سوسائٹی** | ایسٹر سیلِز اونٹاریو ایک رجسٹرڈ خیراتی تنظیم ہے جو ہر طرح کی جسمانی معذوری کا پس منظر رکھنے والے بچوں اور نوجوانوں کی مدد کرتی ہے نیز، بچوں کو زیادہ سے زیادہ آزادی پیدا کرنے میں مدد کرنے کے لیے پروگرام |

| | |
|---|---|
| www.easterseals.org<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br><br>میلیسا ڈوکرے<br>melissawebste23@hotmail.com<br><br>سارہ لینسلے<br>sarahmllansley@gmail.com | اور خدمات فراہم کرتی ہے تاکہ وہ دنیا میں جائیں اور اپنے راستے خود بنا سکیں۔ ایسٹر سیلز اونٹاریو 100 سالوں سے جسمانی معذوری کے شکار بچوں اور نوجوانوں کی آواز اٹھا رہی ہے۔<br><br>ایجوکیشن ایڈوائزری کمیٹی (ایس ای اے سی) پروگرام میں رضاکار والدین ہیں، جو خصوصی تعلیم کی ضروریات والے طلباء کے مفادات کی وکالت کرتے ہیں، اور اسکول بورڈز کو مشورہ فراہم کرتے ہیں کہ کس طرح جسمانی معذوری والے طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پروگراموں اور خدمات کو بہتر بنایا جائے۔ ایسٹر سیل اونٹاریو کے یہ نمائندے خصوصی تعلیمی پروگراموں اور خدمات کے بارہ میں معلومات کا اشتراک کر کے خاندانوں کی مدد بھی کر سکتے ہیں۔ |
| **ہالٹن ڈاون سینڈروم ایسوسی ایشن**<br><br>www.haltondownsyndrome.com<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br>صوفیہ صدیقی<br>sophia@haltondownsyndrome.com | 1984 میں قائم کیا گیا، ہالٹن ڈاؤن سنڈروم ایسوسی ایشن (ایچ ڈی ایس اے) ایک رجسٹرڈ چیریٹی ہے جو ڈاؤن سنڈروم والے لوگوں اور ان کے خاندانوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ ایچ ڈی ایس اے ہالٹن کمیونٹی کے اندر وکالت، بیداری، تعلیم اور مدد میں ایک فعال اور متحرک رہنما ہے۔ ہمارا مشن ڈاؤن سنڈروم والے افراد کو زندگی کے تمام مراحل میں اپنی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کے لیے بااختیار بنانا ہے۔<br><br>ہم، چار ہم-مرتبہ گروپس، پیش کرتے ہیں (ابتدائی سال: 0-6، ایلیمنٹری: 4-14، ہائی اسکول: 14-21 اور گریجویٹ: 21+ اپنے اراکین اور ان کے اہل خانہ کو ان کی اپنی عمر کے ساتھیوں کے ساتھ نیٹ ورک، جڑنے اور سماجی طور پر گھلنے ملنے کے لیے۔ ہم مرتبہ گروپ رضاکاروں کے ذریعے چلائے جاتے ہیں اور مہارتوں کو فروغ دینے اور عبوری مدد کی پیشکش کرنے کے لیے ماہانہ سماجی تقریبات، پروگرام اور ورکشاپس پیش کرتے ہیں۔ |
| **وائس فار ڈیف اینڈ ہارڈ آف ہیئرنگ چلڈرن**<br><br>www.voicefordeafkids.com<br><br>**ایس ای اے سی کے نمائندگان:**<br>ایرن سپرُولے<br>erin.sproule@arcelormittal.com<br><br>کیتھی ٹرنر<br>kathyturner56@yahoo.ca | وائس ایک ایسی تنظیم ہے جو وکالت، خاندانوں کی مدد، اور عوامی تعلیم پر مشتمل پروگراموں اور خدمات کو تیار اور نافذ کرتی ہے۔ وائس نے سماعت سے محروم بچوں کے سینکڑوں والدین اور خاندانوں کو جوڑ دیا ہے اور وہ اپنی نوعیت کی سب سے بڑی امدادی تنظیموں میں سے ایک بن گیا ہے۔<br><br>وائس والدین، اساتذہ، نوعمروں، بچوں اور نئے آنے والے خاندانوں کے لیے متعدد پروگرام پیش کرتا ہے۔ ہم، سماعت سے محروم افراد کو جوڑنے اور ان کی زندگیوں میں کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے وکالت، مدد اور تعلیم کے پروگراموں کے ذریعے کام کرتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| **ایس ای اے سی کے عمومی نمائندگان**<br><br>کائیسا کلاسن<br>kajsa.klassen@halton.ca<br><br>کیٹی شلیفر<br>katieschleifer@gmail.com<br><br>میلیسا سومر<br>melissasomer@gmail.com | میلیسا سومر ایک رجسٹرڈ، ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیٹر، رجسٹرڈ اونٹاریو ٹیچر اور مینٹل ہیلتھ کمیشن آف کینیڈا کے ساتھ ایک مصدقہ دماغی صحت کی سہولت کار ہیں۔ میلیسا نے علاقے کے طریقہ کار اور خدمات کے بارہ میں بصیرت حاصل کرنے کے لیے ایس ای اے سی میں شمولیت اختیار کی تاکہ کام اور زندگی کے تجربے سے اپنے علم اور سمجھ کے ساتھ وہ خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کی کامیابی کی وکالت کے لیے متعلقہ معلومات فراہم کر سکیں۔ |

ایچ ڈی ایس بی کے ایس ای اے سی کے اراکین کے بارہ میں معلومات کے لیے، ضمیمہ ج دیکھیں۔

## اضافی معلومات

### وزارت تعلیم کے صوبائی اور مظاہرہ مثالی اسکول کیا ہیں؟

وزارت تعلیم، پورے اونٹاریو میں ایسے طلبا کے لیے صوبائی اور مظاہرہ مثالی اسکول چلاتی ہے، جو بہرے یا سماعت سے محروم ہیں، نابینا یا کم بینائی، بہرے/نابینا، اور/یا جن کو سیکھنے کی شدید معذوری ہے، نیز ان لوگوں کے لیے جو توجہ کی کمی ہائپر ایکٹیویٹی ڈس آرڈر (اے ڈی ایچ ڈی) کا شکار ہیں۔ اسکولوں میں پیر تا جمعہ ایسے طلباء کے لیے، جو روزانہ سفر کرنے کے لیے اسکول سے بہت دور رہتے ہیں، رہائشی پروگرام بھی پیش کیے جاتے ہیں۔

سیکھنے کی شدید معذوری والے طلباء کے لیے انگریزی زبان کے مثالی مظاہرہ اسکول

ایمتھِسٹ سکول
1515چِیپ سائڈ سٹریٹ
لندن، ON N5V 3N9
ٹیلی فون: 519-453-4408

ساگوناسکا سکول
350ڈنڈاس سٹریٹ ویسٹ
بیل وِل ON K8P 1B2
فون: 613-967-2830

ٹریلیئم سکول
347 اونٹاریو سٹریٹ ساوتھ
ملٹن، ON,L9T 3X9
فون: 905-878-8428

پراونشل سکولز فار دی ڈیف، ارنسٹ سی ڈرری سکول
255اونٹاریو سٹریٹ ساؤتھ
ملٹن، ON L9T 2M5
ٹیلی فون: 905-878-2851
TTY: 905-878-7195

روبارٹس سکول
1515چِیپ سائڈ سٹریٹ
لندن، ON, N5V 3N9،
ٹیلی فون: 519- 453-4400
TTY: 519- 453-4400

سرجیمز وٹنی اسکول
350ڈنڈاس اسٹریٹ ویسٹ
بیل وِل، K8P 1B2

ٹیلی فون: 613-967-2823 یا 1-800-501-6240
TTY :613- 967-2823

پراونشل سکول فار دی بلائنڈ اینڈ ڈیف بلائینڈ
ڈبلیو۔ روس میکڈونلڈ سکول
350 برانٹ ایونیو
برانٹ فورڈ ON, N3T 3J9
ٹیلی فون: 519-759-0730 یا 1-866-618-9092

فرنچ۔ لینگوئج پراونشل سکول فار دی ڈیف اینڈ ڈیمانسٹریشن سکول فار سٹوڈینٹس وِد سیویر لرننگ ڈِس ایبلی ٹیز
Centre Jules-Léger
281 لانارک ایونیو
اوٹاوہ، ON K1Z 6R8
ٹیلی فون: 613-761-9300
TTY: 613-761-9302

## والدین اضافی معلومات کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

اضافی معلومات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں:

- آپ کے بچہ کا استاد، پرنسپل یا نائب پرنسپل
- اسپیشل ایجوکیشن سروسز، ہالٹن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ

3250 نیو اسٹریٹ برلنگٹن، اونٹاریو L7N 1M8
ٹیلی فون: (905) 631-6120
www.hdsb.ca

## والدین کی ذمہ داریوں اور حقوق کا خلاصہ

آپ کے بچہ کی مدد کرنے میں بہت سے لوگ شامل ہیں۔ والدین اور اسکول کے عملہ کو بچہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قریبی، قابل عمل تعلقات کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔

- آپ اپنے بچہ کے پروگرام پر بات کرنے کے لیے، کسی بھی وقت اس کے استاد سے انٹرویو کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے بچہ کے ساتھ کام کرنے والے اسکول کے عملہ سے واقف ہوں، اور اس بات پر تبادلہ خیال کریں کہ آپ گھر پر اس کام کی مدد کیسے کر سکتے ہیں۔
- آپ تحریری مواصلات کے، قابل رسائی طرز تحریر کی، درخواست کر سکتے ہیں۔
- آپ، اور 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طالب علم کو انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کی ترقی میں شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ آپ کو آئی ای پی کی ایک کاپی فراہم کی جانی چاہیے۔ (انفرادی تعلیمی منصوبہ سیکشن دیکھیں)
- آپ کے بچہ سے متعلق کوئی تحریری معلومات جو اسکول ریسورس ٹیم اور/یا آئی پی آر سی کو دستیاب ہے، آپ کو بھی دستیاب ہونی چاہیے۔ اسکول کے عملہ کو آپ کے ساتھ اس معلومات پر تبادلہ خیال کرنا چاہیے، اور آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینا چاہیے۔ آپ کو، اسی طرح، اسکول ریسورس ٹیم کو ہر اس طرح کی معلومات، تحریری طور پر فراہم کرنی چاہیے، جس پر آپ مسئلہ حل کرنے کے عمل کے دوران غور کرنا چاہتے ہیں۔ (سکول ریسورس ٹیم سیکشن دیکھیں)
- آپ کو آئی پی آر سی میٹنگ کے وقت اور تاریخ کے بارہ میں تحریری طور پر مناسب نوٹس دیا جائے گا۔ آپ کو اجلاس میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ (دیکھیں شناخت، تقرری اور جائزہ کمیٹی سیکشن)
- آپ اپنی طرف سے بات کرنے، یا بصورت دیگر اپنی حمایت کرنے کے لیے، ایک نمائندہ لا سکتے ہیں۔ یہ 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کو اپنے ساتھ لانے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو پرنسپل کو میٹنگ سے پہلے ہی نام بتا دینا چاہیے۔ (ان تنظیموں کے لیے مقامی انجمنیں سیکشن دیکھیں جو مدد کی پیشکش کر سکتی ہیں)
- آپ کو آئی پی آر سی کے فیصلوں کی تحریری اطلاع دی جانی چاہیے۔ اگر آپ کے اس بارہ میں کچھ خدشات ہوں، تو آپ تین ماہ کے بعد جگہ کی تقرری کے جائزہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- آپ کے بچہ کو جگہ تقرری پر بھیجنے سے قبل، آئی پی آر سی کے فیصلے پر آپ کی رضامندی ضروری ہے۔ تاہم، اگر آپ آئی پی آر سی کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں، لیکن 30 تدریسی دنوں کے اندر تفصیلی گفتگو کے لئے ملاقات طلب نہیں کرتے ہیں، یا اپیل کی درخواست نہیں کرتے، تو بورڈ کو آپ کے بچہ کو وہ جگہ دینے کی اجازت ہے۔
- اگر آپ متفق نہیں ہیں تو آپ آئی پی آر سی کے شناخت، عدم شناخت، اور/یا مخصوص جگہ پر تقرری کے فیصلوں کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔
- کمیونٹی ایجنسیوں کے عملہ سے مشورہ کیا جانے سے قبل، آپ کی رضامندی درکار ہے۔
- جب آپ اپنے بچہ کے اسکول کے ساتھ کسی بیرونی ایجنسی سے دستاویزات کا اشتراک کرتے ہیں، تو ان معلومات کا جائزہ لینے کے لیے، ایچ ڈی ایس بی پروفیشنل سروسز کے عملہ (یعنی سائیکو-ایجوکیشنل کنسلٹنٹ، اسپیچ اینڈ لینگویج پیتھالوجسٹ، سوشل ورکر، رویے کے تجزیہ کار) کے لیے، آپ کی زبانی یا تحریری رضامندی ضروری ہے۔

- نفسیاتی، تقریری زبان/مواصلات یا طرز عمل کی تشخیص سے پہلے، آپ کی رضامندی درکار ہے۔
- آپ اسپیشل ایجوکیشن کے عملہ کے ساتھ، تشخیص کے نتائج کا جائزہ لینے کے حقدار ہیں اور درخواست پر آپ کو رپورٹ کی ایک کاپی فراہم کی جائے گی۔ نتائج صرف آپ کی رضامندی سے اسکول کے عملہ کے ساتھ بانٹے جائیں گے۔
- ایچ ڈی ایس بی کا عملہ آپ کے بچہ کو متاثر کرنے والے شعبوں میں خصوصی تعلیمی خدمات، اور بورڈ کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے بارہ میں آپ کو سمجھانے کے لیے، موجود ہے۔ براہ کرم معلومات یا رہنمائی کی درخواست کرنے میں بالکل ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔

## ضمیمہ الف ۔ استثنائیات اور تعریفوں کے زمرے

استثنائیات کے زمرے اور معیار کا ایک جامع جائزہ یہاں پایا جاسکتا ہے۔

مندرجہ ذیل جدول، ہالٹن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ میں طلباء کی استثنائیات کے زمرے کا خاکہ پیش کرتا ہے، نیز یہ وزارت تعلیم کے زمروں سے مطابقت رکھتا ہے۔

| | |
|---|---|
| رویہ | سیکھنے کا اور/یا سماجی-جذباتی ایک ایسا عارضہ، جس کی خصوصیات، مخصوص رویے کے مسائل سے، ایسے وقت کے دوران، اور اس حد تک، اور ایسی نوعیت کی عیاں ہوتی ہیں، جو تعلیمی کارکردگی پر منفی اثر ڈالتی ہوں، نیز اس کے ہمراہ درج ذیل میں سے ایک یا زیادہ ہو سکتے ہیں:<br><br>أ۔ باہمی تعلقات بنانے یا برقرار رکھنے میں ناکامی۔<br>ب۔ ضرورت سے زیادہ خوف یا پریشانی<br>ج۔ وہمی (کمپلسیو) ردعمل کا رجحان<br>سیکھنے کی ایسی ناقابلیت جس کا پتہ فکری، حسی، یا دیگر صحت کے عوامل یا اس کے کسی مرکب سے نہیں لگایا جاسکتا |
| مواصلات | **آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر**<br><br>سیکھنے کی اہلیت میں کمی کا ایک شدید عارضہ جس کی خصوصیات ہیں:<br>(أ) درج ذیل میں خلل:<br>• تعلیمی ترقی کی شرح؛<br>• ماحول سے تعلق رکھنے کی صلاحیت؛<br>• نقل و حرکت؛<br>• تاثر، تقریر اور زبان۔<br>(ب) اس نمائندگی۔علامتی رویہ، جو زبان دانی سے قبل آتا ہے، کی کمی۔ |
| | **بہرے اور قوت سماعت میں کمزور**<br><br>یہ، زبان اور تقریر کی نشو و نما میں آواز کے کم، یا غیر موجود سمعی ردعمل کی وجہ ہونے والی ایک کمزوری ہے۔ |
| | **زبان دانی میں کمزوری**<br><br>سیکھنے میں کمزوری کا ایک عارضہ جو زبان سمجھنے، یا زبانی مواصلات یا تحریری یا دوسرے علامتی مواصلاتی نظام کے استعمال میں نقص سے ظاہر ہوتا ہے، جو اعصابی، نفسیاتی، جسمانی، یا حسی عوامل سے وابستہ ہو سکتا ہے، اور جو ہو سکتا ہے: |

| | |
|---|---|
| **مواصلات**<br>جاری ہے | اُ) مواصلات میں زبان کی ایک یا زیادہ شکل، مواد اور طریقے شامل کرنا؛<br>ب) اور درج ذیل میں سے ایک یا زیادہ شامل ہو سکتے ہیں: زبان میں تاخیر؛ عدم روانی آواز اور بیان کی نشوونما، جو کہ اعضاء یا ان کے افعال پر مبنی ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی ہو سکتی۔ |
| | **تقریر کا نقص**<br>زبان کی تشکیل میں ایک نقص جو اعصابی، نفسیاتی، جسمانی، یا حسی عوامل سے منسلک ہو سکتا ہے؛ جس میں زبانی پیغامات کی ترسیل کے ادراک کے حرکتی (پرسیپ چوئل موٹر) پہلو شامل ہیں؛ اور اس کی خصوصیت، (الفاظ کے) اظہار، بحر، اور زور دینے میں خرابی، ہو سکتی ہے۔ |
| | **سیکھنے کی نااہلیت**<br>اعصابی نشو نما (نیورو ڈیولپمنٹ) کے کئی عوارض میں سے ایک، جو مستقل اور نمایاں طور پر تعلیمی اور دیگر مہارتوں کو سیکھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت پر یوں اثر انداز ہوتا ہے:<br>اُ) ان طلباء میں جنہوں نے کم از کم اوسط حد میں دانشورانہ صلاحیتوں کا اندازہ کیا ہے، زبانی یا غیر زبانی معلومات کو مؤثر اور درست طریقے سے سمجھنے یا اس پر کارروائی کرنے کی صلاحیت پر اثر انداز ہونا؛<br>ب) ایسی (a) کم تعلیمی کامیابی پر منتج ہونا، جو طالب علم کی فکری صلاحیتوں سے مطابقت نہیں رکھتی (جو کم از کم اوسط حد میں ہیں) اور/یا (b) ایسی تعلیمی کامیابی جسے طالب علم صرف انتہائی اعلیٰ سطح کی کوششوں اور/یا اضافی مدد کے ساتھ ہی، برقرار رکھ سکتا ہے؛<br>ج) مندرجہ ذیل میں سے ایک یا زیادہ شعبوں میں مہارت کی نشوونما اور استعمال میں مشکلات کا نتیجہ: پڑھنا، لکھنا، ریاضی، اور کام کی عادات اور سیکھنے کی مہارت؛<br>د) عام طور پر ایک یا زیادہ علمی عمل میں دشواریوں کے ساتھ منسلک ہو سکتا ہے، جیسے کہ صوتیاتی ذہنی عمل؛ میموری اور توجہ؛ سوچ کے ذہنی عمل کی رفتار؛ ادراکی حرکی ذہنی عمل؛ بصری-مکانی پروسیسنگ؛ انتظامی افعال (مثلاً رویے اور جذبات میں خود ضابطگی، منصوبہ بندی، خیالات اور سرگرمیوں کو منظم کرنا، ترجیحات طے کرنا، فیصلہ کرنا)؛<br>ہ) سماجی تعامل میں دشواریوں سے منسلک ہو سکتا ہے (جیسے سماجی اصولوں یا دوسروں کے نقطہ نظر کو سمجھنے میں دشواری)؛ مختلف دیگر حالات یا عوارض کے ساتھ، تشخیص شدہ یا غیر تشخیص شدہ؛ یا دیگر استثنائیات کے ساتھ؛<br>و) جو درج ذیل کا نتیجہ نہیں ہے: سماعت اور/یا بینائی کی تیزی میں کمی کا جسے درست نہ کیا گیا ہو؛ ذہنی نااہلیت؛ سماجی و اقتصادی عوامل؛ ثقافتی اختلافات؛ ہدایات کی زبان میں مہارت کی کمی؛ حوصلہ افزائی یا کوشش کی کمی؛ اسکول کی حاضری سے لمبے وقفے یا پڑھائی سے فائدہ اٹھانے کا ناکافی موقع۔ |

| | |
|---|---|
| | مزید معلومات کے لیے وزارت کی ویب سائٹ کے PPM 8 سیکشن کو دیکھیں:<br>http://edu.gov.on.ca/extra/eng/ppm/ppm8.pdf |
| فکری | **غیر معمولی ذہانت**<br>عمومی دانشورانہ صلاحیت کی ایک غیر معمولی طور پر ترقی یافتہ سطح، جس کے لیے، تعلیمی صلاحیت کی سطح کو پورا کرنے کے لیے عام طور پر اسکول کے باقاعدہ پروگرام میں فراہم کیے جانے والے تجربات، سے زیادہ گہرائی اور وسعت کے مختلف سیکھنے کے تجربات کی ضرورت ہوتی ہے۔ |
| | **ہلکی فکری معذوری**<br>سیکھنے کی خرابی کی درج ذیل ممکنہ خصوصیات:<br>أ) نصاب میں کافی ترمیم، اور معاون خدمات کی مدد سے، باقاعدہ کلاس کے اندر ہی تعلیمی طور پر فائدہ حاصل کرنے کی ممکنہ صلاحیت؛<br>ب) سست ذہنی نشوونما کی وجہ سے باقاعدہ کلاس کے اندر تعلیمی طور پر فائدہ حاصل کرنے میں ناکامی؛<br>ج) پڑھائی، سماجی ہم آہنگی، اور معاشی خود کفالت کا ممکنہ امکان۔ |
| | **ترقیاتی معذوری**<br>سیکھنے کی ایک شدید خرابی جس کی خصوصیات میں ہو سکتی ہیں:<br>أ) سست ذہنی نشوونما کی وجہ سے ہونے والی ہلکی ذہنی معذوری والے طلباء کے لیے موجود خصوصی تعلیمی پروگرام، سے فائدہ اٹھانے میں ناکامی؛<br>ب) ایک ایسے خصوصی تعلیمی پروگرام سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت، جو سست فکری ترقی کو ہم آہنگ کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔<br>ج) پڑھائی، آزاد سماجی ہم آہنگی، اور معاشی خود کفالت کی محدود صلاحیت۔ |
| جسمانی | **جسمانی معذوری**<br>ایک شدید جسمانی کمی یا نقص، جس میں سیکھنے کے حالات میں خصوصی مدد کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ انہیں ایسی مساوی تعلیمی کامیابی کا موقع فراہم کیا جا سکے، جو بغیر استثنیٰ والے اسی عمر یا ترقی کی سطح کے طلباء کو میسر ہوتی ہے۔ |
| | **نابینا اور کم بینائی**<br>نظر یا بصارت کی جزوی یا مکمل خرابی کی حالت، جو اصلاح کے باوجود، تعلیمی کارکردگی کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| متعدد | **متعدد استثنائیات**<br>سیکھنے یا دیگر خرابیوں، نقائص، یا جسمانی معذوریوں کا مجموعہ، جو کہ اس نوعیت کا ہو، جس کی وجہ سے تعلیمی کامیابی کے لیے، خصوصی تعلیم میں قابلیت رکھنے والے ایک یا زیادہ اساتذہ کی خدمات کی ضرورت ہو، اور اس طرح کے عوارض، نقص، یا معذوری کے لیے مناسب معاون خدمات کی فراہمی ضروری ہو۔ |

# ضمیمہ ب - ہالٹن میں خصوصی تعلیم کی جگہیں

اسپیشل ایجوکیشن پلیسمنٹ کلاس روم کی ترتیب کی اس قسم کی وضاحت کرتی ہے جو طالب علم کے لیے خصوصی تعلیمی پروگرام فراہم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ طلباء کے لیے 'پلسمنٹ' کی دو عمومی قسمیں ہیں:

- وسائل کی مدد کے ساتھ باقاعدہ کلاس؛ اور
- خود ساختہ کلاس، جس کا مطلب ہے کہ طالب علم اپنا سارا دن یا زیادہ تر دن کسی مخصوص کلاس روم کی ترتیب میں صرف کرتا ہے، شاید اپنے گھر کے اسکول میں نہیں۔

خود ساختہ پروگراموں اور تقرریوں کا ایک جامع جائزہ یہاں پایا جا سکتا ہے۔

## وسائل کی خدمات

← بالواسطہ خدمات

- ◆ طالب علم کو پورے دن کے لیے باقاعدہ کلاس میں رکھا جاتا ہے، اور استاد کو خصوصی مشاورتی خدمات ملتی ہیں یا؛
- ◆ سیکنڈری گفٹڈ - نامزد سیکنڈری (ہائی) اسکولوں میں تحفے کی شناخت اور تحفے کے پروگرام کے جھنڈے کے ساتھ طلباء کا ایک اجتماعی گروپ۔ طلباء کو سیکنڈری اسکول کی سطح پر مخصوص کورسز میں غیر شناخت شدہ سیکھنے والوں کے ساتھ شیڈول کیا جائے گا۔ ہر ایک کلسٹرڈ کلاس میں اونٹاریو کے نصاب کو باقاعدہ کلاس میں پیش کیے جانے والے نصاب سے وسعت، گہرائی اور رفتار میں فرق کیا جائے گا۔

← وسائل سے مدد

- ◆ طالب علم کو دن کے بیشتر حصے میں باقاعدہ کلاس میں رکھا جاتا ہے اور وہ انفرادی طور پر یا چھوٹے گروپ میں، ایک قابل خصوصی تعلیم کے استاد سے خصوصی ہدایات حاصل کرتا ہے۔

← واپس لینے کے لئے مدد

- ◆ طالب علم کو باقاعدہ کلاس میں رکھا جاتا ہے اور وہ کلاس روم سے باہر، تدریسی وقت کے 50% سے بھی کم وقت کے لیے، ایک مستند خصوصی تعلیم کے استاد سے ہدایات حاصل کرتا ہے۔

## خود مکفی

← جزوی طور پر مربوط

- ◆ طالب علم کو آئی پی آر سی کی طرف سے ایک خصوصی تعلیمی کلاس میں رکھا جاتا ہے جہاں طالب علم-استاد کا تناسب اسکول کے دن کے کم از کم 50% کے لیے ضابطہ 298، سیکشن 31 کے مطابق ہوتا ہے۔

← مکمل طور پر خود ساختہ

- ◆ طالب علم کو آئی پی آر سی کی طرف سے ایک خصوصی تعلیمی کلاس میں رکھا جاتا ہے، جہاں طالب علم اور استاد کا تناسب پورے اسکول کے دن کے لیے ضابطہ 298، سیکشن 31 کے مطابق ہوتا ہے۔

## ضمیمہ ج - خصوصی تعلیمی مشاورتی کمیٹی (ایس ای اے سی)

خصوصی تعلیمی مشاورتی کمیٹی کے اراکین کی فہرست دیکھیں

Halton
District
School
Board

ہمارے اسکول طلباء، خاندان اور کمیونٹی کے ساتھ شراکت میں کام کرتے ہیں، انفرادی تعلیمی طاقتوں اور ترقی کو آسان بنانے کی ضرورتوں کے لیے پروگرامنگ کرتے ہیں۔

ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کے تمام حقوق محفوظ ہیں۔ نقل کرنے کے مراعات کے بارے میں پوچھ گچھ کی ہدایت سپرنٹنڈنٹ آف اسٹوڈنٹ سروسز، ہالٹن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کو کی جاسکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے:

**سپیشل ایجوکیشن سروسز ڈیپارٹمنٹ**

نیو اسٹریٹ ایجوکیشن سینٹر

3250 نیو سٹریٹ

برلنگٹن، اونٹاریو۔ L7N 1M8

فون: 905-631-6120